SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
December 3, 2016

# ایس ای سی پی کی کمپنیوں کو فنکشنل ویب سائٹ رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد، ۳ دسمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے تمام کمپنیوں کو اپنی مکمل طور پر فنکشنل ویب سائٹ بنانے اور انہیں قائم رکھنے کی سختی سے ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویب سائٹ عوام کو کمپنی کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہیں۔ اس حوالے سے ایس ای سی پی نے پہلا نوٹیفکیشن ۱۰ جولائی ۲۰۱۴ کو جاری کیا تھا جس میں تمام پبلک سیکٹر کی کمپنیوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ ۳۰ اگست ۲۰۱۴ سے پہلے پہلے اپنی فنکشنل ویب سائٹ بنائیں۔

مندرجہ بالا نوٹیفکیشن میں ان معلومات کی بھی نشاندہی کی گئی تھی جو کہ کمپنیوں کو اپنی ویب سائٹ پر فراہم کرنا لازمی تھا۔ اس اہم پیش رفت میں کمپنیوں کو سہولت اور آسانی فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ بنانے کے لئے گائیڈلائنز بھی جاری کی تھیں۔

اس بعد، اس دوسرے نوٹیفکیشن میں جو کہ یکم جولائی ۲۰۱۵ کو جاری کیا گیا تھا، کمپنیوں کو اپنی ویب سائٹ پر سرمایہ کاری کی معلومات فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی کے انوسٹر ایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کا لنک فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی گئی تھی۔

بعض کمپنیوں کی جانب سے ان ہدایات پر مکمل طور پر عمل نہ کرنے کے نتیجے میں، ایس ای سی پی نے دسمبر ۲۰۱۵ میں ایک سرکلر جاری کیا جس میں کمپنیوں کو ہدایت کی کہ وہ ایس ای سی پی کی جاری کردہ ہدایات کی مطابق تمام اہم معلومات اپنی ویب سائٹ پر لازمی دستیاب کریں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

مزید، دسمبر ۲۰۱۵ کو ہی کمپنیوں کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ عوام کی آسانی کے لئے اہم معلومات اپنی ویب سائٹ پر اردو زبان میں بھی فراہم کریں اور اس حوالے سے رہنمائی بھی فراہم کی جاتی رہی ہے۔

تاہم یہ نوٹ کیا گیا ہے کہ کافی وقت گزرنے کے بعد بھی کمپنیاں ہدایات پر جیسے عمل کرنا چاہئے ویسے نہیں کر رہیں۔ لہٰذا کمپنیوں کے جانب سے سختی سے تعمیل کے لئے ایس ای سی پی وضاحتی خطوط جاری کر رہا ہے اور کوتاہی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائیوں کا آغاز بھی کر رہا ہے۔ جون ۲۰۱۶ تک چھتیس کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کیا گیا اور اٹھائیس حکم ناموں کے اجرا سے خاتمہ۔ فی الوقت جولائی ۲۰۱۶ سے کوتاہی کرنے والی چھبیس کمپنیوں کو شوکاز نوٹس اور گیارہ کو حکم نامے جاری کئے جا چکے ہیں۔

یہ بات نہایت غور طلب ہے کہ کمپنیاں اپنے بورڈ آف دائریکٹرز، مالیاتی گوشواروں اور سرمایہ کاروں کی شکایات کے نظام کے بارے میں معلومات یا تو چھپا رہی ہیں یا نامکمل معلومات فراہم کر رہی ہیں۔ یہ طرز عمل ویب سائٹ کے ذریعے بروقت، قابل رسائی اور واضح معلومات کے حصول کے مقصد کو پورا نہیں کرتا۔

کمپنیز آرڈیننس، ۲۰۱۶ کا ایک اہم ہدف ٹیکنالوجی کے استعمال کی حوصلہ افزائی ہے۔ لہٰذا ۲۰۱۶ کے آرڈیننس میں کمپنیوں سے مطلوب ہے کہ وہ اپنی ویب سائٹ پر نوٹس، مالیاتی گوشوارے اور معلومات ظاہر کریں۔ اس کے علاوہ، حصص داران کے لئے سہ ماہی کے نتائج کے حصول کا ایک بڑا ذریعہ کمپنیوں کی ویب سائٹ ہے جس کے باعث ماضی کے مقابلے اب اس کی زیادہ ضرورت ہے۔

اس لئے اس بات پر زور دیا جاتا ہے کہ معلومات کے بروقت پھیلاؤ کے لئے صحیح معلومات شائع کی جائے تاکہ سٹیک ہولڈرز اور خصوصی طور پر حصص داران کی شکایات کا ازالہ اور سوالات کا جواب دیا جا سکے اور انہیں سہولت فراہم کی جا سکے۔ ایس ای سی پی نے خود عوام الناس کی تسہیل کے لئے ایک ذولسانی ویب سائٹ کا آغاز کر رکھا ہے۔

۲۰۱۴ سے ایس ای سی پی کے تمام ہدایت ناموں کی توجہ معلومات کے اظہار پر مرکوز ہے گویا کمپنیاں موجودہ اور ممکنہ دونوں سرمایہ کاروں سے ویب سائٹ کے ذریعے تعاون کر سکتی ہیں۔ ایس ای سی پی ویب سائٹوں پر شفاف، قابل رسائی، باسہولت اور یکساں معلومات کے اظہار کی توقع رکھتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254